سبق نمبر 9 | طلب | ماڈیول نمبر 4

تعارف

انسانی حاجتوں کی تسکین اشیا اور خدمات کے ذریعہ ہوتی ہے۔لہٰذا اشیا اور خدمات معیشت کے نہایت اہم پہلو ہیں۔اشیا اور خدمات کی مانگ صارفین کے ذریعہ کی جاتی ہے اوران کی سپلائی میں بعض قیمت کی بنیاد پر فرموں اور پیدا کاروں کے ذریعہ کی جاتی ہے۔ شے کی مانگ اور سپلائی کی شے کی قیمت پر اثر انداز ہوتی ہے۔ یہ ماڈیول مانگ، سپلائی، قیمت اور بازار کی ساخت کے بارے میں اس طرح تفصیل پیش کرتا ہے کہ طلبا کے تمام شکوک وشبہات دور ہوسکیں اوران کے سوالوں کے اطمینان بخش جواب مل سکیں۔

اس ماڈیول میں درج ذیل پانچ اسباق پر بحث کی گئی ہے(a) مانگ(b) سپلائی(c) قیمت اور مقدار کا تعین(d) بازار اور(e) قیمت اور مقدار کے تعین میں حکومت کا رول۔

فرہنگ اصطلاحات

مانگ (طلب Demand) : شے کی وہ مقدار جو ایک مخصوص مدت کے دوران دی گئی قیمت پر کوئی صارف خریدنے کا خواہش مند ہوتا ہے۔

متبادل اشیا (Substitute goods) : وہ اشیا جنھیں آسانی سے ایک دوسرے کے بدلے میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔

تکمیلی اشیا (Complementary goods) : وہ اشیا جو مخصوص ضرورت کی تسکین میں ایک ساتھ استعمال کی جاتی ہیں۔

نارمل اشیا (Normal goods) : وہ اشیا جن کی مانگ خریدار کی آمدنی میں اضافے کے ساتھ بڑھتی ہے۔

ادنی اشیا (Inferior goods) : وہ اشیا جن کی مانگ خریدار کی آمدنی میں اضافے کے ساتھ گھٹتی ہے۔

انفرادی مانگ (Individual demand) : شے کی وہ مقدار جسے صارف ایک مخصوص مدت کے دوران دی گئی قیمت پر خریدنے کا خواہش مند ہوتا ہے۔

بازار مانگ (Market demand) : کسی شے کی کل مقدار جسے سبھی خریدار بازار میں ایک مخصوص مدت کے دوران دی گئی قیمت پر طلب کرتے ہیں۔

- شے کے لیے مانگ کی تعریف شے کی اس مقدار کے طور پر کی جاتی ہے، ایک مخصوص مدت کے دوران ایک دی گئی قیمت پر صارف جس کے خریدنے کا خواہش مند ہوتا ہے۔
- مانگ کی تعریف میں شامل ہے(i) شے کی قیمت(ii) خریدی گئی شے کی مقدار(iii) وقت کی مدت اور(iv) خریدنے کی خواہش۔
- مانگ وہ خواہش ہے جس میں خریدنے کی آمادگی اور اہلیت ہوتی ہے۔

- انفرادی مانگ شے کی وہ مقدار ہے جسے ایک انفرادی خریدار ایک مدت کے دوران دی گئی قیمت پر خریدنے کا خواہش مند ہوتا ہے۔

انفرادی مانگ کو متعین کرنے والے عوامل



- جب مانگ کو متعین کرنے والے تمام دیگر عوامل غیر تبدیل رہتے ہیں تو شے کی مانگ کا تعلق شے کی قیمت سے معکوس طور پر ہوتا ہے۔ یہ اس بات کی دلالت ہے کہ جب شے کی قیمت گھٹتی ہے تو اس کی طلب کی گئی مقدار میں اضافہ ہوتا ہے اور جب قیمت بڑھتی ہے تو اس کی طلب کی گئی مقدار میں کمی پیدا ہوتی ہے۔
- متبادل اشیا وہ اشیا ہیں جو ایک دوسرے کے بدلے میں آسانی سے استعمال کی جاسکتی ہیں جیسے کوک اور پیپسی۔ اگر متبادل اشیا کی قیمت بڑھتی ہے تو زیرِ غور شے کے لیے مانگ میں اضافہ ہوتا ہے۔
- تکمیلی اشیا وہ اشیا ہیں جن کا استعمال مخصوص حاجت کی تسکین میں ایک ساتھ کیا جاتا ہے جیسے کار اور پیٹرول۔ جب تکمیلی شے کی قیمت گرتی ہے تو زیرِ غور شے کی مانگ بڑھتی ہے اور تکمیلی شے کی قیمت بڑھتی ہے زیرِ غور شے کے لیے مانگ گھٹتی ہے۔
- نارمل اشیا کے لیے مانگ خریدار کی آمدنی میں اضافے کے ساتھ بڑھتی ہے اور خریدار کی آمدنی میں کمی کے ساتھ گھٹتی ہے۔ جب کہ دوسری طرف ادنی اشیا کے لیے مانگ خریدار کی آمدنی میں اضافے کے ساتھ گھٹتی ہے اور خریدار کی آمدنی میں کمی ہونے کے ساتھ بڑھتی ہے۔
- خریدار جس اشیا کو ترجیح دیتا ہے یا جو فیشن میں ہوں اس کے لیے مانگ بڑھتی ہے۔ جب کہ دوسری طرف ان اشیا کے لیے مانگ گھٹتی ہے جو فیشن سے باہر ہوگئی ہیں۔ کیوں کہ خریدار ایسی اشیا خریدنے کو ترجیح نہیں دیتا۔
- مانگ کا قانون بیان کرتا ہے کہ اگر مانگ کو متعین کرنے والے سبھی دیگر عوامل مستقل بنے ہوئے ہیں تو شے کی مطلوبہ مقدار شے کی قیمت میں گراوٹ کے ساتھ بڑھتی ہے اور قیمت میں اضافے کے ساتھ گھٹتی ہے۔
- شے کی قیمت اور اس کی مانگ کی گئی مقدار کے درمیان معکوس رشتے کے سبب خطِ طلب بائیں سے دائیں نچلی جانب ڈھلواں ہوجاتا ہے۔
- خطِ طلب (Demand Curve) بائیں سے دائیں نچلی جانب اس لیے ڈھلواں ہوتا ہے کیونکہ:

(i) جب شے کی زیادہ سے زیادہ اکائیاں صرف کی جاتی ہیں تو شے کی ہر یکے بعد دیگر آنے والی اکائیوں سے اخذ ہونے والی آسودگی یا تسکین گھٹتی جاتی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ صارف صرف ایک کم تر قیمت پر زیادہ مقدار خریدنے کا خواہش مند ہے۔

(ii) جب شے کی قیمت گرتی ہے تب صارف کی اصل آمدنی / قوت خرید بڑھ جاتی ہے جس سے وہ مخصوص زری آمدنی سے شے کی زیادہ مقدار خریدنے کا اہل ہوجاتا ہے۔

(iii) جب شے کی قیمت گرتی ہے تب یہ اپنے متبادل سے نسبتاً سستی ہوجاتی ہے اور نتیجتاً شے کے لیے مانگ زیادہ ہوجاتی ہے۔

- بازار مانگ ایک مخصوص مدت کے دوران ایک دی گئی قیمت پر بازار میں سبھی انفرادی خریداروں کے ذریعہ مانگی گئی شے کی کل مقدار ہے۔

بازار مانگ پر اثر انداز عوامل



خودقدرشناسی کیجیے

1۔ شے کے لیے مانگ پراس کی متبادل اشیا کی قیمت میں کمی کے ذریعہ کیسے اثر پڑتا ہے؟

2۔ شے کی مانگ پر کیسے اثر پڑے گا اگر اس کی تکمیلی اشیا کی قیمت میں اضافہ ہوتا ہے؟

3۔ جب شے کے خریدار کی آمدنی میں اضافہ ہوتا ہے تو نارمل شے کی مانگ پر کیسے اثر پڑے گا؟

4۔ ان عوامل کو بیان کیجیے جو شے کے لیے بازار پر اثر انداز ہو سکتے ہیں۔

5۔ مانگ کا قانون (قانون طلب) بیان کیجیے۔

6۔ نارمل شے اور ادنیٰ شے کے درمیان فرق کیجیے۔

7۔ وہ کون سے عوامل ہیں جو شے کے لیے انفرادی مانگ پر اثر انداز ہوتے ہیں۔